2

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرتِ طیّبہ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری رسول ہیں۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دنیا میں تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والدِ ماجد حضرت عبداللہ انتقال فرما چکے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا حضرت عبد المطلب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خانہ کعبہ میں لے گئے، اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور دعائیں مانگیں۔ پوتا پیدا ہونے کی خوشی میں حضرت عبد المطلب نے اپنے خاندان کو کھانا کھلایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام "محمد" رکھا۔ یہ نام اس سے پہلے کسی بچے کا نہیں رکھا گیا تھا۔

عرب کے رواج کے مطابق دیکھ بھال کے لیے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بچپن میں حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے پاس رہے۔ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا بہت نیک خاتون تھیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضاعی والدہ تھیں۔ دیہات کی کھلی فضا میں رہنے سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحت بہت اچھی ہو گئی۔

جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر چار برس ہوئی تو حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو واپس مکّہ لے آئیں۔ اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی والدہ ماجدہ کے پاس رہنے لگے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر چھے برس کی تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ کا انتقال ہو گیا۔ آٹھ برس کی عمر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا بھی اللہ کو پیارے ہو گئے۔ دادا کے انتقال کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پرورش کا ذمہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا حضرت ابو طالب نے لے لیا۔ اُن کی شفقت کے سائے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جوان ہوئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چالیس سال کی عمر میں نبوت کا اعلان فرمایا اور لوگوں کو سمجھایا کہ ایک اللہ کی عبادت کرو، ہمیشہ سچ بولو اور دوسروں کے کام آؤ۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ساری دنیا کے یتیموں، غریبوں اور محتاجوں کے ہمدرد تھے۔

آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ اس لیے آپ ﷺ کسی سے بدلہ نہ لیتے تھے۔ آپ ﷺ اپنے بڑے سے بڑے دشمن کو بھی معاف کر دیتے تھے۔ قریش مکہ نے آپ ﷺ پر ظلم وستم کی حد کر دی لیکن جب مکّہ فتح ہوا تو آپ ﷺ نے سب کو معاف کر دیا۔

آپ ﷺ کی زندگی تمام انسانوں کے لیے ایک بہترین نمونہ ہے۔

مشق

1- درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

(i) حضرت محمد ﷺ کے دادا کا نام کیا ہے؟

(ii) جب مکّہ معظمہ فتح ہوا تو حضرت محمد ﷺ نے دشمنوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

(iii) حضرت آمنہ کا انتقال کب ہوا؟

(iv) حضرت محمد ﷺ کو دیہات میں کیوں بھیجا گیا؟

(v) دادا کے انتقال کے بعد آپ ﷺ کی پرورش کس نے کی؟

2- پہلے خانے میں دی گئی عبارت کو دوسرے خانے کی عبارت کے ساتھ درست طور پر ملائیں۔

حضرت محمد ﷺ نے نبوت کا اعلان فرمایا۔	آپ ﷺ کے دادا نے
حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا تھیں۔	40 سال کی عمر میں
نبی ﷺ کا نام "محمد" رکھا	8 سال
حضرت محمد ﷺ کے دادا کے انتقال کے وقت آپ ﷺ کی عمر تھی	رضاعی والدہ

3- مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں:

خاندان	چار	رحمت	انسانوں	دادا

(i) حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا حضرت محمد ﷺ کو --------- برس کی عمر میں واپس مکّہ معظمہ لے آئیں۔

(ii) حضرت عبد المطلب نے پوتا پیدا ہونے کی خوشی میں اپنے --------- کو کھانا کھلایا۔

(iii) آٹھ برس کی عمر میں آپ ﷺ کے --------- بھی اللہ کو پیارے ہو گئے۔

(iv) آپ ﷺ کی زندگی تمام --------- کے لیے ایک بہترین نمونہ ہے۔

(v) آپ ﷺ تمام جہانوں کے لیے --------- ہیں۔

سرگرمی

طلبہ سچ بولنے کے بارے میں حضور ﷺ کے فرمان کو ایک چارٹ پر خوش خط لکھیں اور اُسے کمرہ جماعت میں لگائیں۔

ہدایات برائے اساتذہ

اساتذہ کرام طلبہ کو سیرتِ رسول ﷺ میں سے کچھ اور واقعات سُنائیں۔

مشکل الفاظ اور اُن کے معانی

دیکھ بھال	نگرانی	ظلم و ستم کرنا	سخت تکلیف دینا
برس	سال	پرورش	پالنا
محتاج	ضرورت مند	رواج	طور طریقہ